سبق-18

# نوک جھوک

| بحث ، اہمیت ، صحت مند، اچانک ، نوک جھونک ، لال پیلی |
|---|

ایک دن اچانک جسم کے خاص خاص حصّوں میں آپس میں بحث شروع ہوگئی۔

ناک اکڑ کر بولی میں بیٹھے بیٹھے ہی خوشبو اور بدبو بتا سکتی ہوں ۔ اگر میں نہ ہوتی تو کلاس میں کسی کو یہ معلوم بھی نہیں ہوتا کہ وجّے ٹفن میں سموسے لایا ہے یا علی آج پلاؤ لایا ہے۔پھول کی خوش بو بھی تو میں ہی پہچانتی ہوں کیا آنکھیں یہ بتا سکتی ہیں؟

ناک کی باتیں سُن کر آنکھیں لال پیلی ہو گئیں ، غصّہ سے بولیں ، ”ہم اگر نہیں ہوں تو سب کالا کالا ہو جائے گا ۔ کسی کو کچھ دکھائی نہیں دے گا ۔“

آنکھوں کی بات سُن کر کان کھڑے ہوگئے اور بولے ، ” اگر ہم نہ ہوں تو ماسٹر صاحب نے کلاس میں کیا پڑھایا کسی بھی بچے کو سنائی نہ دے گا۔“

دانت غصّہ سے بولے ،” اگر ہم نہ ہوں تو سموسے اور پلاؤ کھاؤ گے کیسے ؟ کھانا اور کترنا تو صرف ہمارا کام ہے ۔ اسی لئے روزانہ ہماری صفائی ضروری ہے ۔“

زبان بھلا چُپ کیسے رہتی ، بولی ، ”یہ آپ لوگوں کی جو باتیں ہو رہی ہیں یہ صرف میری مدد سے ہو رہی ہیں اور میں نہ ہوتی تو گلاب جامن کی مٹھاس اور اِملی

کی کھٹاس کا مزہ کیسے ملتا۔''

ہاتھ کی انگلیوں نے آگے بڑھ کر کہا کہ دیکھو ہم بند بستہ چھو کر بتا سکتے ہیں کہ اس میں کیا رکھا ہے؟ ہم ہاتھ ڈال کر ربر پینسل نکال سکتے ہیں۔''

دماغ یہ نوک جھونک بہت دیر سے سُن رہا تھا، بولا، '' بحث سے کوئی فائدہ نہیں سب اپنی اپنی جگہ اہمیت رکھتے ہیں، انسان کو چاہئے کہ ہمیشہ اپنے رب کا شکر ادا کرتا رہے کہ یہ ساری نعمتیں اسی کی دی ہوئی ہیں اور یہ بھی یاد رکھے کہ پورے جسم کو صحت مند رکھنے کے لئے اچھا کھانا، پھل اور سبزیاں بہت ضروری ہیں۔ان سے ہمیں کام کرنے کی طاقت ملتی ہے۔

## مشق اور سوالات

1۔ مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب لکھیئے :۔

(الف) خوشبو پہچاننے میں میں ہماری مدد کون کرتا ہے؟

(ب) ہماری زبان کون کون سے مزے بتا سکتی ہے؟

(ج) آنکھوں سے ہم کیا کام لیتے ہیں؟

(د) منہ میں کتنے دانت ہوتے ہیں؟

(ہ) کانوں میں روئی لگانے کے بعد بھی کیا ہمیں صاف صاف آواز سنائی دیتی ہے؟

(ز) زبان پکڑ کر روک دو تو کیا پھر تم صاف بول سکو گے؟


**2۔ مندرجہ ذیل کے صحیح جوڑے بنائیے:۔**

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | آنکھ | | کاٹنا |
| 2 | کان | | سونگھنا |
| 3 | زبان | | دیکھنا |
| 4 | ناک | | سُننا |
| 5 | دانت | | چکھنا |

**3۔ پڑھیئے اور یاد کیجیئے:۔**

دو  ہیں ایک دو  ہیں



دو  ہیں ہے ایک  ہے

**4۔ نام لکھیئے:۔**

5۔ سبزیوں سے بھری ایک ٹوکری اندھیرے میں رکھی جائے اور آپ سے پیاز لانے کو کہا جائے تو آپ کیسے لائیں گے؟ (چھوکر، چکھ کر یا سونگھ کر)

6۔ ہمیں کیسے معلوم ہوگا کہ کس کمرے میں اگربتی جل رہی ہے؟

(کھا کر، چھوکر، سونگھ کر)

7۔ صحیح (√) یا غلط (×) کا نشان لگائیے۔

(الف) دانتوں سے ہم مزا چکھتے ہیں۔ ☐

(ب) منہ سے ہم پانی پیتے ہیں۔ ☐

(ج) زبان سے ہم کھانے کے ٹکڑے کرتے ہیں۔ ☐

(د) کان ہمیں دیکھنے میں مدد کرتے ہیں۔ ☐

(ہ) آنکھیں چیزوں کو سُن لیتی ہیں۔ ☐

(ز) ہاتھ پیروں سے ہم چباتے ہیں۔ ☐

(ح) کھال سے ہم سردی گرمی کا اندازہ لگا لیتے ہیں۔ ☐

(ط) کھانے سے پہلے پھلوں سبزیوں خراب ہوتے ہیں۔ ☐

(ی) زیادہ میٹھا کھانے سے دانت خراب ہوتے ہیں۔ ☐

بچّو! تمہارے گھر میں آم ، امرود یا بیر تھیلی میں رکھے ہوں تو تم ان کا پتہ کیسے لگاؤ گے؟